**Roll No.** | | | | | | | |

(Write Roll Number from left side exactly as in the Admit Card)

*Signature of Invigilators*

1. ______________________

2. ______________________

**Question Booklet Series** **X**

**0518**

**PAPER–II**

**Question Booklet No.**

(Identical with OMR Answer Sheet Number)

## Subject Code : 05

# URDU

*Time :* 2 *Hours* *Maximum Marks:* 200

***Instructions for the Candidates***

1. Write your Roll Number in the space provided on the top of this page as well as on the OMR Sheet provided.
2. At the commencement of the examination, the question booklet will be given to you. In the first 5 minutes, you are requested to open the booklet and verify it:
   (i) To have access to the Question Booklet, tear off the paper seal on the edge of this cover page.
   (ii) Faulty booklet, if detected, should be got replaced immediately by a correct booklet from the invigilator within the period of 5 minutes. Afterwards, neither the Question Booklet will be replaced nor any extra time will be given.
   (iii) Verify whether the Question Booklet No. is identical with OMR Answer Sheet No.; if not, the full set is to be replaced.
   (iv) After this verification is over, the Question Booklet Series and Question Booklet Number should be entered on the OMR Sheet.
3. This paper consists of One hundred (100) multiple-choice type questions. All the questions are compulsory. Each question carries *two* marks.
4. Each Question has four alternative responses marked: (A) (B) (C) (D). You have to darken the circle as indicated below on the correct response against each question.

   *Example:* (A) (B) ● (D), where (C) is the correct response.
5. Your responses to the questions are to be indicated correctly in the OMR Sheet. If you mark your response at any place other than in the circle in the OMR Sheet, it will not be evaluated.
6. Rough work is to be done at the end of this booklet.
7. If you write your Name, Roll Number, Phone Number or put any mark on any part of the OMR Sheet, except in the space allotted for the relevant entries, which may disclose your identity, or use abusive language or employ any other unfair means, such as change of response by scratching or using white fluid, you will render yourself liable to disqualification.
8. Do not tamper or fold the OMR Sheet in any way. If you do so, your OMR Sheet will not be evaluated.
9. You have to return the Original OMR Sheet to the invigilator at the end of the examination compulsorily and must not carry it with you outside the Examination Hall. You are, however, allowed to carry question booklet and duplicate copy of OMR Sheet after completion of examination.
10. **Use only Black Ball point pen.**
11. **Use of any calculator or mobile phone etc. is strictly prohibited.**
12. **There are no negative marks for incorrect answers.**

**[ Please Turn Over ]**

1۔ ''روحِ تنقید'' کے مصنف کون ہیں؟

(A) کلیم الدین احمد

(B) محمد حسن

(C) احتشام حسین

(D) محی الدین قادری زور

2۔ وہ کون شاعر ہے جو دہلی اسکول اور لکھنؤ اسکول کی روایتوں کا امین ہے؟

(A) حسرتؔ

(B) جوشؔ

(C) ولیؔ

(D) شادؔ

3۔ درج ذیل شعر کس شاعر کا ہے؟

محبت سے بنا لیتے ہیں اپنا دوست دشمن کو
جھکاتی ہے ہماری عاجزی سرکش کی گردن کو

(A) شادؔ

(B) آتشؔ

(C) دردؔ

(D) فانیؔ

4۔ میرا جی کا اصل نام کیا تھا؟

(A) میر محمد حیات

(B) پنڈت برج نارائین

(C) درگا سہائے

(D) ثناء اللہ ڈار

5۔ ان میں سے کس شاعر کا تعلق حلقۂ ارباب ذوق سے تھا؟

(A) مخدومؔ محی الدین

(B) اختر الایمان

(C) میرا جی

(D) حالی

6۔ ان میں سے کس شعر میں صنعتِ حسنِ تعلیل برتی گئی ہے؟

(A) وعدۂ وصلت سے ہو دل شاد کیا
تم سے دشمن کی مبارکباد کیا

(B) تنہا نہ شمع روئے ہے سوداؔ کی خاک پر
گل بھی تو لوٹتا ہے گریباں کو پھاڑ کر

(C) موت کا ایک دن معیّن ہے
نیند کیوں رات بھر نہیں آتی

(D) یاد کرنا ہر گھڑی اس یار کا
ہے وظیفہ مجھ دلِ بیمار کا

7۔ غیروں پہ کھل نہ جائے کہیں راز دیکھنا
میری طرف بھی غمزۂ غماز دیکھنا

اس شعر میں کون سی صنعت استعمال کی گئی ہے؟

(A) مکرِ شاعرانہ

(B) کنایہ

(C) تجاہل عارفانہ

(D) تشبیہ

8۔ مجروح کا مکمل نام کیا ہے

(A) اسرارالحسن خاں

(B) اسرارالحق

(C) اسرارالحسین

(D) اسرارالقیوم

9۔ نظم طباطبائی کس مشہور ناول نگار کے استاد تھے؟

(A) رسوا

(B) شرر

(C) کرشن چندر

(D) عصمت چغتائی

10۔ ''غبارخاطر'' میں کُل کتنے خطوط ہیں؟

(A) چوبیس

(B) بیس

(C) انیس

(D) پچّیس

11۔ ''خوبصورت بلا'' کیا ہے؟

(A) افسانہ

(B) ناول

(C) ڈراما

(D) داستان

12۔ سائنٹفک سوسائٹی کب قائم ہوئی تھی؟

(A) ۱۸۶۰ء

(B) ۱۸۶۳ء

(C) ۱۸۶۴ء

(D) ۱۸۶۸ء

13۔ ''کالی شلوار'' کس کا افسانہ ہے؟

(A) عصمت

(B) بیدی

(C) منٹو

(D) پریم چند

14۔ ابن مریم ہوا کرے کوئی میرے دکھ کی دوا کرے کوئی

اس شعر میں کس صنعت کا استعمال ہوا ہے؟

(A) لف ونشر

(B) تلمیح

(C) تضاد

(D) ایہام

15۔ وؔلی دکنی جب دہلی آئے تو ان کی ملاقات کس صوفی بزرگ سے ہوئی؟

(A) خواجہ میر درد

(B) بندہ نواز گیسودراز

(C) سعداللہ گلشن

(D) بختیار کاکی

16۔ ''لحاف'' کس کا افسانہ ہے؟

(A) قرۃ العین حیدر

(B) کرشن چندر

(C) بیدی

(D) عصمت چغتائی

17۔ ''رامائن کا ایک سین'' کس شاعر کی مشہور نظم ہے؟

(A) چکبست

(B) جوش

(C) نظیر اکبر آبادی

(D) اکبر آلہ آبادی

18۔ درج ذیل میں سے کون سا مجموعہ فیضؔ کا ہے؟

(A) دستِ صبا

(B) آہنگ

(C) نغمۂ الہام

(D) بالِ جبریل

19۔ ذیل میں سے کون سا جوڑ صحیح ہے؟

(A) محمد حسین آزاد — آب حیات

(B) سرسید — مقدمۂ شعر وشاعری

(C) ڈپٹی نزیر احمد — موازنۂ انیسؔ ودبیرؔ

(D) شبلی نعمانی — آثار الصنادید

20۔ ذیل میں سے کون سا جوڑ صحیح نہیں ہے؟

(A) محاکات اور تخیل

(B) احساس اور ادراک

(C) لفظ و معنی

(D) وزن اور قافیہ

21۔ نیرنگِ خیال کا شمار نثر کی کس صنف میں ہوتا ہے؟

(A) ناول

(B) افسانہ

(C) داستان

(D) انشائیہ

22۔ ذیل میں دعویٰ درج ہے اور اس دعوے کی دلیل بھی دی گئی ہے انہیں غور سے پڑھیں اور صحیح کی نشاندہی کیجئے۔

دعویٰ: سرسید کے دور کو اردو نثر کا عہد زرّیں کہا جاتا ہے۔

دلیل: سرسید کے دور میں اردو نثر کی بیشتر اصناف معرضِ وجود میں آئیں اور فروغ پائیں۔

(A) دعویٰ صحیح ہے اور دلیل بھی صحیح ہے

(B) دعویٰ صحیح ہے اور دلیل غلط ہے

(C) دعویٰ غلط ہے اور دلیل صحیح ہے

(D) دعویٰ غلط ہے اور دلیل بھی غلط ہے

23۔ کس قصیدہ گوشاعر نے اپنے قصیدوں میں ہندودیومالائی عناصر کا استعمال نہایت فنکاری سے کیا ہے؟

(A) محسن کاکوری

(B) غالب

(C) ذوق

(D) سودا

24۔ رومان اور انقلاب کا امتزاج کس شاعر کے کلام میں ہے؟

(A) جوش

(B) حسرت

(C) مخدوم

(D) جذبی

25۔ ''فروزاں'' کس کا شعری مجموعہ ہے؟

(A) حسرت

(B) فانی

(C) جذبی

(D) مخدوم

26۔ درج ذیل میں سے کون سی کتاب آل احمد سرور کی ہے؟

(A) نئے پرانے چراغ

(B) ذوقِ ادب اور شعور

(C) عملی تنقید

(D) اردو تنقید پر ایک نظر

27۔ یوں جی بہل گیا ہے تیری یاد سے مگر
تیرا خیال ترے برابر نہ ہو سکا

شاعر کا نام بتائیں؟

(A) خلیل الرحمٰن اعظمی

(B) جذبی

(C) مخدوم

(D) حسرت

28۔ کیا فرض ہے کہ سب کو ملے ایک سا جواب
آؤ نہ ہم بھی سیر کریں کوہِ طور کی

اس شعر کا تعلق کس صنعت سے ہے؟

(A) تشبیہ

(B) تلمیح

(C) کنایہ

(D) استعارہ

29۔ مثنوی ''پھول بن'' کس کی تصنیف ہے؟

(A) ملا وجہی

(B) قلی قطب شاہ

(C) ابن نشاطی

(D) غوّاصی

30۔ تم ماہِ شبِ چار دہم تھے مرے گھر کے
پھر کیوں نہ رہا گھر کا وہ نقشہ کوئی دن اور

یہ شعر کس صنف کا ہے؟

(A) قصیدہ

(B) مرثیہ

(C) غزل

(D) مثنوی

31۔ پاپی لوگ پہاڑ دے پتھر جن کے چت
انگ ملا وہ کبھی کبھی، نین ملاوا نت

یہ گیت کے بول ذیل میں سے کس ناول سے ماخوذ ہیں؟

(A) گئودان

(B) ایک چادر میلی سی

(C) امراؤ جان ادا

(D) ٹیڑھی لکیر

32۔ مرزا ہادی رسوا کی کتاب ''اس نظم میں'' کا تعلق کس تنقیدی دبستان سے ہے؟

(A) تاثراتی تنقید

(B) سائنٹفک تنقید

(C) اسلوبیاتی تنقید

(D) نفسیاتی تنقید

33۔ ذیل میں سے کس کا تعلق اسلوبیاتی تنقید سے نہیں ہے؟

(A) رومان جیکب سن

(B) اسٹیفن المان

(C) مائکل رفاٹیر

(D) ٹی۔ ایس ایلیٹ

34۔ ''یہ ایک دلکش نظم ہے۔ اسے پڑھ کر میرے دل میں مسرت کی ایک لہر سی دوڑ گئی— بس اتنا بتا دینا کافی ہے''

یہ اقتباس ذیل میں سے کس تنقیدی دبستان سے متعلق ہے؟

(A) مارکسی تنقید

(B) نفسیاتی تنقید

(C) تاثراتی تنقید

(D) اسلوبیاتی تنقید

35۔ ذیل میں سے کس نے فلسفۂ حسن کے لئے **Aesthetics** کی اصطلاح سب سے پہلے استعمال کی؟

(A) ڈیسکارٹ

(B) کانٹ

(C) کروچے

(D) بام گارٹن

36۔ ''داخلیت، ابہام، ژولیدہ بیانی کو اس لیے ناپسند کرتی ہے کہ یہ چیزیں عوام سے ادیب کا رشتہ منقطع کر دیتی ہیں۔ اس کے نزدیک وہی ادب ادب ہے جو عوام کے جذبات کا ترجمان ہو اور انہیں کی زبان میں گفتگو کرتا ہو۔''

یہ کس تنقید کی خاصیت ہے؟

(A) جمالیاتی تنقید

(B) سائنٹفک تنقید

(C) مارکسی تنقید

(D) نفسیاتی تنقید

37۔ ذیل میں سے کس نے Poetics کا اردو میں ترجمہ کیا؟
(A) آل احمد سرور
(B) احتشام حسین
(C) کلیم الدین احمد
(D) عزیز احمد

38۔ ذیل میں سے کون اپنی تنقید میں نفسیات سے بہت زیادہ مدد لیتا ہے؟
(A) ٹی۔ایس۔ایلیٹ
(B) آئی۔اے۔رچرڈس
(C) لون جائی نس
(D) ارسطو

39۔ ذیل میں سے کس نے ''معروضی تلازمہ'' کا تصور پیش کیا؟
(A) آئی۔اے۔رچرڈس
(B) ارسطو
(C) لون جائی نس
(D) ٹی۔ایس۔ایلیٹ

40۔ ''ناٹیہ شاستر'' کے مصنف کا کیا نام ہے؟
(A) آنندوردھن
(B) ابھینو گپت
(C) بھرت منی
(D) آچاریہ شنکک

41۔ ذیل میں سے کون ''العمدہ'' کا مصنف ہے؟
(A) ابن رشیق
(B) ابن خلدون
(C) قدامہ ابن جعفر
(D) ابن قتیبہ

42۔ ذیل میں سے گیلان شاہ نے ''قابوس نامہ'' کس کے لیے لکھی؟
(A) بیٹی
(B) بیٹے
(C) بہن
(D) بیوی

43۔ ذیل میں سے کس نے وزن اور قافیہ کو شعر کے لیے ضروری نہیں مانا ہے؟
(A) حالی
(B) شبلی
(C) کلیم الدین احمد
(D) احتشام حسین

44۔ تو کونین میں لُطف پر لُطف رکھ
خدایا! بہ حقِّ رسولِ کِبار
ذیل میں سے کس داستان کا اختتام اس شعر پر ہوتا ہے؟
(A) سب رس
(B) فسانۂ عجائب
(C) باغ و بہار
(D) بوستانِ خیال

45۔ فسانۂ عجائب کو کس داستان کی ضد سمجھا جاتا ہے؟

(A) رانی کیتکی کی کہانی

(B) سب رس

(C) باغ و بہار

(D) بوستانِ خیال

46۔ درج ذیل میں سے کون سی کتاب رشید احمد صدیقی کی نہیں ہے؟

(A) ہم نفسانِ رفتہ

(B) مضامینِ رشید

(C) گنج ہائے گراں مایہ

(D) نیرنگِ خیال

47۔ کسی کی بدی تو نہ کر عیب ہے
کہ اس کا خدا عالم الغیب ہے

یہ شعر کس صنفِ سخن سے ماخوذ ہے؟

(A) قصیدہ

(B) منقبت

(C) مثنوی

(D) غزل

48۔ جانے کا نہیں — کا مرے ہرگز
تا حشر جہاں میں مرا دیوان رہے گا

(A) شورِ وطن

(B) سوزِ چمن

(C) شورِ سخن

(D) خاکِ وطن

49۔ مندرجہ ذیل میں سے کون فلمی گیت کار ہے؟

(A) خلیل الرحمٰن اعظمی

(B) مجروح سلطان پوری

(C) حسرت موہانی

(D) مومن خان مومن

50۔ ہاں مہہ نو سُنیں ہم اس کا نام
جسے تو جھک کے کر رہا ہے سلام

قصیدہ کا یہ شعر کس شاعر کا ہے؟

(A) ذوقؔ

(B) محسنؔ

(C) سوداؔ

(D) غالبؔ

51۔ مثنوی ''سیف الملوک اور بدیع الجمال'' کے بادشاہ کا نام کیا ہے؟

(A) بے نظیر

(B) عاصم نول

(C) سیف الملوک

(D) غواصی

52۔ غواصی کو کس بادشاہ کے دربار میں ''شاہی تقرّب'' ملا تھا؟

(A) قلی قطب شاہ

(B) ابراہیم قطب شاہ

(C) عبداللہ قطب شاہ

(D) فیروز شاہ بہمنی

53۔ ذیل میں سے کون سی آوازیں حلقی ہیں؟
(A) س، ش، ص، ض، ط۔
(B) ح، خ، ع، غ، ء۔
(C) د، ڈ، ذ، ر، ڑ۔
(D) ا، ب، پ، ت، ٹ۔

54۔ قسطنطنیہ میں کُل کتنے صوت رکن ہیں؟
(A) آٹھ
(B) چار
(C) پانچ
(D) تین

55۔ ''وہ بس گئی پر اُجڑ گئی''
یہ اقتباس کس افسانے سے ماخوذ ہے؟
(A) لاجونتی
(B) اپنے دکھ مجھے دے دو
(C) چوتھی کا جوڑا
(D) نظارہ درمیاں ہے

56۔ ذیل میں سے کس افسانے میں آنکھ کا بڑا عمل دخل ہے؟
(A) چوتھی کا جوڑا
(B) کفن
(C) نظارہ درمیاں ہے
(D) ننھی کی نانی

57۔ توبتہ النصوح ناول میں کون خواب دیکھتا ہے؟
(A) فہمیدہ
(B) کلیم
(C) مرزا ظاہر دار بیگ
(D) توبتہ النصوح

58۔ رتن ناتھ سرشار کی وفات کہاں ہوئی؟
(A) لکھنؤ
(B) کشمیر
(C) حیدرآباد
(D) دلّی

59۔ ''حسین مجھے بچا میں جانتا ہوں کہ تو شجرِ معرفت کی ایک شاخ ہے''۔ ناول فردوسِ بریں میں یہ جملہ کس نے ادا کیا ہے؟
(A) طورِ معنی
(B) شیخ علی وجودی
(C) رکن الدین خورشاہ
(D) کاظم جنوبی

60۔ ذیل میں سے سرفراز کس ناول کا کردار ہے؟
(A) آگ کا دریا
(B) توبتہ النصوح
(C) فردوسِ بریں
(D) امراؤ جانِ ادا

61۔ آگ کا دریا کُل کتنے حصّوں پر مُشتمل ہے؟

(A) 101

(B) 102

(C) 100

(D) 99

62۔ گئودان میں ہوری کی موت کیسے ہوتی ہے؟

(A) قتل سے

(B) لُو لگنے سے

(C) زہر کھانے سے

(D) سانپ کے ڈسنے سے

63۔ احسان اور راؤ کس ناول کے کردار ہیں؟

(A) آگ کا دریا

(B) گئوں دان

(C) ٹیڑھی لکیر

(D) لندن کی ایک رات

64۔ ورق تمام ہوا اور مدح باقی ہے
سفینہ چاہیئے اس بحر بیکراں کے لیے

اس شعر میں ''سفینہ'' سے کیا مراد ہے۔

(A) کشتی

(B) بیاض

(C) جہاز

(D) چھپے مجلد اوراق

65۔ کون آیا پئے عیادتِ دل درد جیسے آج کچھ کم کم ہے

اس شعر میں کون سی صنعت استعمال ہوئی ہے؟

(A) صنعتِ تجاہلِ عارفانہ

(B) صنعتِ حسنِ تعلیل

(C) صنعتِ مبالغہ

(D) صنعتِ ترصیع

66۔ ''خان بہادر'' کا خطاب کس شاعر کو ملا؟

(A) نظیر آکبرآبادی

(B) اکبرالہ آبادی

(C) جوش ملیح آبادی

(D) حسرت موہانی

67۔ ہے آج جو یوں خوش نما، نورِ سحر رنگِ شفق
پر تو ہے، کسی خورشید کا، نورِ سحر رنگِ شفق

یہ شعر کس شاعر کے قصیدے سے اخذ کیا گیا ہے؟

(A) سودا

(B) ذوق

(C) غالب

(D) محسن کاکوری

68۔ ''شعلۂ طور'' کس کا مجموعہ کلام ہے؟

(A) شاد عظیم آبادی

(B) فانی بدایونی

(C) جگر مراد آبادی

(D) فراق گورکھپوری

69۔ ''آتشِ گل''، کس شاعر کا مجموعہ کلام ہے؟

(A) جوش ملیح آبادی

(B) اکبر آلہ آبادی

(C) جگر مرادآبادی

(D) یاس یگانہ چنگیزی

70۔ قافیہ کے لغوی معنی کیا ہیں؟

(A) آگے چلنے والا

(B) ساتھ چلنے والا

(C) پیچھے چلنے والا

(D) ٹھہرنے والا

71۔ مندرجہ ذیل اشعار میں سے کس شعر میں صنعتِ تکرار موجود ہے؟

(A) ہر جھلک دیتی ہے تجھ رخسار کی
آرسی کوں درسِ حیرانی ہنوز

(B) عجب کچھ لطف رکھتا ہے شبِ خلوت میں گُل روسوں
خطاب آہستہ آہستہ ، جواب آہستہ آہستہ

(C) کون سی رات آن ملیئے گا
دن بہت انتظار میں گزرے

(D) آئینے میں وہ دیکھ رہے تھے بہارِ حسن
آیا مرا خیال تو شر ما کے رہ گئے

72۔ اک فسانہ سن گئے اک کہہ گئے
میں جو رویا مسکرا کے رہ گئے

مذکورہ شعر کا قافیہ بتائیے؟

(A) فسانہ—رویا

(B) اک فسانہ—جو رویا

(C) کہہ—رہ

(D) کہہ گئے—رہ گئے

73۔ ولیؔ وصل و جدائی سوں صنم کی
کبھو صحرا کبھو گلزار ہیں ہم

اس شعر میں کس صنعت کا استعمال ہوا ہے؟

(A) کنایہ

(B) لف ونشر

(C) تضاد

(D) تلمیح

74۔ وہ جو ہم میں تم میں قرار تھا تمہیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو
وہی یعنی ———— ، تمہیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو

شعر مکمل کیجئے؟

(A) ملامتِ اقربا

(B) یادذرا ذرا

(C) تم بھی تھے آشنا

(D) وعدہ نباہ کا

75۔ جینا جو آگیا تو اجل بھی حیات ہے
اور یوں تو عمر خضر بھی کیا بے ثبات ہے
یہ شعر کس کا ہے؟
(A) فیض احمد فیض
(B) فانی بدایونی
(C) فراق گھورکھ پوری
(D) خلیل الرحمٰن اعظمی

76۔ قلی قطب شاہ کا درباری شاعر کون تھا؟
(A) نصرتی
(B) مقیمی
(C) غواصی
(D) وجہی

77۔ مندرجہ ذیل میں سے کون سا شعر قلی قطب شاہ کا ہے؟
(A) ہر جھلک دیتی ہے تجھ رخسار کی
آرسی کوں درسِ حیرانی ہنوز
(B) ہم فقیروں سے بے ادائی کیا
آن بیٹھے جو تم نے پیار کیا
(C) پیا باج پیالا پیا جائے نا
پیا باج یک تل جیا جائے نا
(D) جو بے ربط بولے تو بتیاں پچیس
بھلا ہے جو یک بیت بولے سلیس

78۔ اردو زبان کی پہلی مثنوی کون سی ہے؟
(A) قطب مشتری
(B) پھول بن
(C) گلشنِ عشق
(D) کدم راؤ پدم راؤ

79۔ ان میں غالبؔ کے شاگرد کون تھے؟
(A) میر حسن
(B) شادؔ عظیم آبادی
(C) الطاف حسین حالیؔ
(D) شیخ ابراہیم ذوقؔ

80۔ "مخمس" میں کتنے مصرعے ہوتے ہیں؟
(A) چار
(B) پانچ
(C) چھ
(D) سات

81۔ نانا یہ کلمہ گو ہمیں نا حق ستاتے ہیں
پیتے ہیں خود ہمیں نہیں پانی پلاتے ہیں
انصاف کے لیے نہیں کیوں آپ آتے ہیں
اتنا تو پوچھئے یونہی مہماں بناتے ہیں
غلّہ سپاہِ شام میں تقسیم ہو تا ہے
کنبہ تمہارا تیسرے فاقے سے روتا ہے
مرثیہ کا یہ بند کس کا ہے؟
(A) دلگیر
(B) دبیر
(C) فصیح
(D) انیس

82۔ ذیل میں سے کس نے اپنے بیشتر ناولوں کے عنوانات کسی شعر کے مصرعے سے اخذ کیے ہیں؟

(A) قرۃالعین حیدر

(B) عبدالحلیم شرر

(C) محمد ہادی رسوا

(D) عصمت چغتائی

83۔ ''بہارآرا''— کس ڈراما کا کردار ہے؟

(A) انارکلی

(B) آگرہ بازار

(C) خوبصورت بلا

(D) اندرسبھا

84۔ ذیل میں سے کون سا جوڑ صحیح نہیں ہے؟

(A) ادب اور سماج— احتشام حسین

(B) نظر اور نظریے— آل احمد سرور

(C) شعر، غیر شعر اور نثر— شمس الرحمٰن فاروقی

(D) روایت اور بغاوت— کلم الدین احمد

85۔ محمد حسن کے تنقیدی مضامین کا مجموعہ ''ادبی تنقید'' کب شائع ہوا تھا؟

(A) ۱۹۵۴ء

(B) ۱۹۵۵ء

(C) ۱۹۶۰ء

(D) ۱۹۶۵ء

86۔ ذیل میں سے کس افسانے میں ۱۹۳۵ء ایکٹ کا ذکر آیا ہے؟

(A) کھول دو

(B) نیا قانون

(C) کالی شلوار

(D) ٹوبہ ٹیک سنگھ

87۔ فضل دین کس افسانے کا کردار ہے؟

(A) ٹوبہ ٹیک سنگھ

(B) مہالکشمی کا پل

(C) چوتھی کا جوڑا

(D) فوٹوگرافر

88۔ ''چھوٹے کپڑے کی گونٹ تو اُتر آئے گی، پر بچیوں کا کپڑا نہ نکلے گا''

یہ اقتباس کس افسانے سے ماخوذ ہے؟

(A) چوتھی کا جوڑا

(B) ننھی کی نانی

(C) چوٹیں

(D) روشنی کی رفتار

89۔ اہم کردار ''پدما کرین'' کس افسانے سے ماخوذ ہے؟

(A) روشنی کی رفتار

(B) کالی شلوار

(C) لحاف

(D) اپنے دکھ مجھے دے دو

90۔ ذیل میں سے کس افسانے میں وزیراعظم اور ساڑیوں کے رشتے کو زیر بحث لایا گیا ہے؟

(A) مہالکشمی کا پل

(B) کفن

(C) اپنے دکھ مجھے دے دو

(D) ننھی کی نانی

91۔ رات محفل میں تیری ہم بھی کھڑے تھے چپکے
جیسے تصویر لگا دے کوئی دیوار کے ساتھ

یہ شعر کس کا ہے؟

(A) میر تقی میر

(B) غالب

(C) اصغر

(D) اقبال

92۔ پطرس کا پورا نام کیا تھا؟

(A) محمد شاہ بخاری

(B) احمد شاہ بخاری

(C) محمود شاہ بخاری

(D) بخاری شاہ

93۔ ''غبارِ خاطر'' میں مولانا ابوالکلام نے کون سے پرندوں کی کہانی لکھی ہے؟

(A) طوطا مینا

(B) کبوتر کبوتری

(C) مور مورنی

(D) چڑیا چڑے

94۔ پطرس بخاری کی پیدائش کب ہوئی؟

(A) ۱۸۹۸ء

(B) ۱۸۹۶ء

(C) ۱۸۹۷ء

(D) ۱۸۹۵ء

95۔ کدم راؤ دوجا پدم راؤ بن
نہ تھا تیسرا دن جرم راؤ بن

کدم راؤ کا پدم راؤ سے کیا رشتہ تھا؟

(A) راجہ اور وزیر

(B) بڑا بھائی اور چھوٹا بھائی

(C) چچا اور بھتیجا

(D) باپ اور بیٹا

96۔ کس ناول میں ''شعور کی رو'' کی تیکنک استعمال کی گئی ہے؟

(A) سفینۂ غمِ دل

(B) میرے بھی صنم خانے

(C) آگ کا دریا

(D) چاندنی بیگم

97۔ مسعود حسین خان نے کس یونیورسٹی سے ڈی۔لٹ کی ڈگری حاصل کی تھی؟

(A) آکسفورڈ

(B) پیرس

(C) علی گڑھ

(D) جواہر لال نہرو

98۔ گلفام، سبز پری — کس ڈراما کے کردار ہیں؟

(A) اندر سبھا

(B) انارکلی

(C) یہودی کی لڑکی

(D) خوبصورت بلا

99۔ ''آگرہ بازار'' — کس کا ڈراما ہے؟

(A) حبیب تنویر

(B) محمد حسن

(C) امتیاز علی تاج

(D) آغا حشر کاشمیری

100۔ انشاء اللہ خان انشا کی پیدائش کہاں ہوئی تھی؟

(A) مرادآباد

(B) فیروزہ آباد

(C) مرشدآباد

(D) فرخ آباد

## URDU(05) - PAPER -II : : X SERIES

| QUESTION NO. | ANSWER KEY | QUESTION NO. | ANSWER KEY | QUESTION NO. | ANSWER KEY | QUESTION NO. | ANSWER KEY |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | D | 26 | A | 51 | B | 76 | D |
| 2 | D | 27 | A | 52 | C | 77 | C |
| 3 | B | 28 | B | 53 | B | 78 | D |
| 4 | D | 29 | C | 54 | B | 79 | B |
| 5 | C | 30 | B | 55 | A | 80 | B |
| 6 | B | 31 | B | 56 | C | 81 | B |
| 7 | A | 32 | D | 57 | D | 82 | A |
| 8 | A | 33 | D | 58 | C | 83 | A |
| 9 | B | 34 | C | 59 | D | 84 | D |
| 10 | A | 35 | D | 60 | D | 85 | A |
| 11 | C | 36 | C | 61 | A | 86 | B |
| 12 | B | 37 | D | 62 | B | 87 | A |
| 13 | C | 38 | B | 63 | D | 88 | A |
| 14 | B | 39 | D | 64 | B | 89 | A |
| 15 | C | 40 | C | 65 | A | 90 | A |
| 16 | D | 41 | A | 66 | B | 91 | A |
| 17 | A | 42 | B | 67 | B | 92 | B |
| 18 | A | 43 | A | 68 | C | 93 | D |
| 19 | A | 44 | C | 69 | C | 94 | A |
| 20 | D | 45 | C | 70 | B | 95 | A |
| 21 | D | 46 | D | 71 | B | 96 | C |
| 22 | A | 47 | C | 72 | C | 97 | B |
| 23 | A | 48 | C | 73 | C | 98 | A |
| 24 | A | 49 | B | 74 | D | 99 | A |
| 25 | C | 50 | D | 75 | C | 100 | C |